**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**MAY 2016**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ ۔۔۔اِنۡ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّـكُمۡ فُرۡقَانًا وَّيُكَفِّرۡ عَنۡكُمۡ سَيِّاٰتِكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَـكُمۡ ؕ (سورۂ انفال، آیت 29 )

درج بالا آیت میں اِنۡ تَتَّقُوۡا سے مراد ہے ؟

A۔ ایمان کا اظہار کرنا۔

B۔ پرہیز گاری اختیار کرنا۔

C۔ حق و باطل میں تمیز کرنا۔

D۔ گناہوں کی مغفرت طلب کرنا۔

2۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا لَقِيۡتُمۡ فِئَةً فَاثۡبُتُوۡا ۔۔۔ لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۝ (سورۂ انفال، آیت 45)

درج بالا آیت میں فَاثۡبُتُوۡا کے معنی ہیں

A۔ قدم جمائے رکھو۔

B۔ تیز قدم بڑھاؤ ۔

C۔ ایک قدم پیچھے چلو۔

D۔ قدم سے قدم ملا کر چلو۔

3۔ ترجمہ: ''اور جب شیطان نے اُن کے اعمال اُن کو آراستہ کر دکھائے اور کہا کہ آج کے دن لوگوں میں سے کوئی تم پر غالب نہ ہوگا اور میں تمھارا رفیق ہوں۔ لیکن جب دونوں فوجیں ایک دوسرے کے مقابل (صف آرا) ہوئیں تو پسپا ہو کر چل دیا اور کہنے لگا کہ مجھے تم سے کوئی واسطہ نہیں۔''

(سورۂ انفال، آیت نمبر 48)

سورۂ انفال (آیت نمبر 48) کے مطابق غزوۂ بدر میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کی تو شیطان کا ردِّ عمل کیا تھا؟

A۔ اس نے کفار کا ساتھ چھوڑ دیا

B۔ کفار کو لڑائی کے طریقے بتائے

C۔ کفار کو مقابلے سے منع کیا

D۔ کفار کے دل میں وسوسے پیدا کیے

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

4۔ سورۃ الانفال (آیت نمبر 9) کے مطابق اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم کی دعا قبول کر کے مسلمانوں کی مدد کے لیے کس کا انتخاب کیا؟

A۔ پرندوں کا

B۔ جنّات کا

C۔ فرشتوں کا

D۔ کیڑے مکوڑوں کا

5۔ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَّتَصْدِيَةً ۚ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ (سورۃ انفال، آیت 35)

دی گئی آیت کے مطابق کفارِ مکہ مسلمانوں کو عبادت کے وقت کس طرح تنگ کیا کرتے تھے جس کے باعث وہ عذاب الٰہی کا شکار ہوئے؟

A۔ کوڑا پھینکتے تھے

B۔ مارپیٹ کرتے تھے

C۔ مال کا لالچ دیتے تھے

D۔ تالیاں اور سیٹیاں بجاتے تھے

6۔ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْاِسْتِغْفَارُ۔

درج بالا حدیث میں لفظ اِسْتِغْفَارُ سے کیا مراد ہے؟

A۔ حفاظت مانگنا

B۔ مغفرت طلب کرنا

C۔ پُختہ ایمان طلب کرنا

D۔ صالح اولاد مانگنا





AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

7- اَلرَّاشِیُ وَالْمُرْتَشِیُ فِی النَّارِ۔

کسی معاشرے میں کسی شخص کے جائز حقوق کے حصول کی راہ میں ناجائز مطالبے حائل ہوں، وہاں امن و سکون قائم نہیں رہ سکتا ہے۔ دی گئی حدیث کے مطابق درج ذیل میں سے اس کی اصل وجہ کیا ہو سکتی ہے؟

A۔ تنگ دستی
B۔ رشوت خوری
C۔ لوگوں پر ظلم
D۔ الزام تراشی

8- مشہور قصّہ ہے کہ ایک بوڑھی عورت آنحضرت صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم پر کوڑا پھینکتی تھی۔ یہ اس کا روز کا معمول تھا۔ ایک دن آپ صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم وہاں سے گزرے تو وہ بڑھیا نظر نہیں آئی اور کوڑا نہیں پھینکا گیا تو آپ صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم کو تشویش ہوئی کہ کیا بات ہے جو آج کوڑا نہیں پھینکا گیا۔ آپ صلّی اللہ علیہِ وآلہِ وسلّم کو معلوم ہوا کہ وہ بڑھیا بیمار ہے۔ لہٰذا آپ صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم اس کی تیمار داری کے لیے گئے تو وہ سخت حیران ہوئی، کہ میں تو آپ صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم کے ساتھ کیا سلوک کرتی ہوں اور آپ صلّی اللہ علیہِ وآلہِ وسلّم میری عیادت کے لیے آئے ہیں۔ آپ صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم کے اس اعلیٰ اخلاق کی وجہ سے وہ آپ صلّی اللہ علیہِ و آلہِ وسلّم پر ایمان لے آئی۔

اِنَّ اَکْمَلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَاناً اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا۔

درج بالا واقعہ ہمیں آپس کی نفرتوں کو ختم کرنے کے لیے کیا تعلیم دیتا ہے؟

A۔ کسی پر کچرا نہیں پھینکنا چاہیے۔
B۔ کسی کو بُرا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔
C۔ عفو درگزر سے کام لینا چاہیے۔
D۔ ایک ہی راستے سے نہیں گزرنا چاہیے۔

9- درج ذیل میں سے ''حدیثِ تقریری'' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ تقریر کرنا
B۔ لکھ کر بتانا
C۔ خاموشی اختیار کرنا
D۔ عمل کے ذریعے بتانا

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

10۔ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ۔

درج بالا حدیث میں ہماری سماجی زندگی کے حوالے سے کیا اہم نکتہ بیان کیا گیا ہے؟

A۔ قرآن کی حفاظت کی جائے

B۔ قرآن کی تعلیم و تعلّم کا اہتمام کیا جائے

C۔ قرآن مجید کی عزت و توقیر کی جائے

D۔ قرآن کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی جائے

11۔ اللہ تعالیٰ نے درج ذیل میں سے کس کی افضلیت کے باعث فرشتوں کو حضرت آدم علیہِ السلام کو سجدہ کرنے کا حکم دیا؟

A۔ اطاعت

B۔ طہارت

C۔ علم

D۔ تقویٰ

12۔ رسول اکرم صلّی اللہ علیہِ وآلہِ وسلّم کے وصال کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس کے خلاف جنگ کی؟

A۔ زکوٰۃ نہ دینے والوں کے

B۔ جہاد میں شامل نہ ہونے والوں کے

C۔ بیت المال میں خیانت کرنے والوں کے

D۔ زکوٰۃ سے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اعانت نہ کرنے والوں کے

13۔ درج ذیل تمام مصارفِ زکوٰۃ میں شامل ہیں سوائے

A۔ عاملین

B۔ مساکین

C۔ والدین

D۔ غارمین

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

14۔ جنگِ بدر کے کچھ قیدی فدیہ نہیں دے سکتے تھے، اُن کی رہائی کے لیے مسلمانوں نے کیا شرط رکھی؟

A۔ وہ مسلمانوں کو جنگی تربیت دیں

B۔ وہ مسلمانوں کو لکھنا پڑھنا سکھائیں

C۔ وہ مسلمانوں کی تجارت کو فروغ دیں

D۔ وہ مسلمانوں کے ساتھ کھیتی باڑی میں مدد کریں

15۔ قرآنِ مجید کا اعجاز کیا ہے؟

A۔ عربی جیسی ثقیل زبان میں ہے

B۔ اس کے کئی زبانوں میں ترجمے کیے گئے

C۔ تیئس برس کی قلیل مدت میں نازل ہوا

D۔ 1400 سال گزرنے کے باوجود اس میں تحریف نہیں ہوئی

16۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت پہلے اپنے قریبی رشتے داروں کا خیال رکھا جائے۔اس کے بعد اُن لوگوں کو تلاش کیا جائے

A۔ جو زیادہ لوگوں کے کفیل ہیں۔

B۔ جو ایمان کے اعلیٰ درجے پر ہیں۔

C۔ جن کی آمدنی اخراجات سے کم ہے ۔

D۔ جو مستحق ہیں لیکن سوال نہیں کرتے۔

17۔ درج ذیل میں سے کس عالم نے حدیث کی تدوین میں اہم کام کیا ہے ؟

A۔ امام بخاری

B۔ امام ابو حنیفہ

C۔ امام غزالی

D۔ امام شافعی

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

18۔ راویانِ حدیث کے طرزِ زندگی، سیرت و کردار اور علم و فضل کا تذکرہ علمِ دین کی جس شاخ میں ہوتا ہے اُسے کیا کہتے ہیں؟

A۔ علمِ فقہ
B۔ علمِ روایت
C۔ علمُ الرِّجال
D۔ علمِ درایت

19۔ ابن الہیثم نے درج ذیل تمام شعبوں میں خدمات انجام دی ہیں سوائے

A۔ علمِ کیمیا
B۔ علمِ نباتیات
C۔ علمِ ریاضی
D۔ علمِ طبیعیات

20۔ عربی قواعد کے لحاظ سے وہ کون سا علم ہے جس میں لفظوں کے جوڑ توڑ اور ان کے بولنے اور استعمال کا قاعدہ بیان کیا جاتا ہے؟

A۔ علمِ بلاغت
B۔ علمِ تفسیر
C۔ علمِ عمرانیات
D۔ علمِ صرف و نحو

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016